© rasailojaraid.com



تعلق ہے۔

جناب طالب ہاشمی صاحب ان خوش قسمت ترین انسانوں میں سے ایک ہیں، جن کو رب کائنات نے اپنے آخری رسول مقبول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جان نثار صحابہ کرام کی سیرت پر لکھنے کا ذوق و شوق، جذبہ و ولولہ عطا فرمایا ہے۔

محترم ہاشمی صاحب نے اس سے پہلے اس صنف پر درجنوں کتابیں تالیف کی ہیں۔ مثلاً متذکرہ بالا کتاب کے علاوہ تیس پروانے شمع رسالت کے، خیر البشر کے چالیس جان نثار، سرورِ کائنات کے پچاس صحابہ، آسمان ہدایت کے ستر ستارے، رحمتِ دارین کے سو شیدائی، سیرتِ خلیفۃ الرسول سیدنا حضرت ابوبکر صدیق، سیرتِ فاطمۃ الزہرا رض، تذکارِ صحابیات رض، یہ تیرے پراسرار بندے وغیرہ۔

دُنیا کے یہ وہ خوش قسمت ترین انسان ہیں جن کو سرورِ کائنات کی مجلس نشینی کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہ وہ چراغ ہیں جن کی لَو سے دُنیا روشن ہوگئی۔ اب بھی ان کی سیرتوں کا مطالعہ کر کے ہر انسان اپنی سیرت کا چراغ روشن کر سکتا ہے۔

پروف ریڈنگ میں کمزوری رہی ہے۔ (عبدالوکیل علوی)

---

**ماہنامہ ساتھی کراچی** | مدیر: سید شمس الدین۔ مقام اشاعت: الف ۲۰۶ سلیم الویو۔ گلشن اقبال۔ ۱۳۔ بی کراچی ۷۵۳۰۰۔ سالانہ چندہ عام ڈاک سے -/۳۰ روپے بذریعہ رجسٹری -/۱۰۰ روپے۔ صفحات: ۱۱۲ ڈائجسٹ سائز۔

مقامِ مسرت ہے کہ ان دنوں بچوں کے بہت خوب صورت پرچے شائع ہو رہے ہیں انہی میں کراچی کا ماہنامہ ساتھی بھی ہے۔ ہمارے سامنے ماہ جنوری اور فروری ۱۹۹۱ء کے شمارے ہیں اور جملہ خوبیوں میں مکمل ہیں۔ اگر مرتبین نظموں کی تصحیح اور زبان کو کسی قدر اور آسان کرنے کی طرف توجہ دیں تو اس کی خوبیوں میں اضافہ ہوگا۔ (انظر زیدی)

---

© rasailojaraid.com